# SCHOOL-BASED ASSESSMENT (SBA) - 2025

# END-OF-YEAR ASSESSMENT

**SUBJECT: URDU**

**GRADE-6**

**FINAL TERM**

**[Part A: 48 Marks Part B: 52 Marks Total: 100 Marks], Time = 3 hours**

**School Name:** ____________________

## ANSWER KEYS

| | | |
|---|---|---|
| Q. No.1 : d | Q. No.2 : a | Q. No.3 : a |
| Q. No.4 : b | Q. No.5 : b | Q. No.6 : d |
| Q. No.7 : a | Q. No.8 : c | Q. No.9 : c |
| Q. No.10 : b | Q. No.11 : c | Q. No.12 : d |
| Q. No.13 : a | Q. No.14 : b | Q. No.15 : c |
| Q. No.16 : d | Q. No.17 : d | Q. No.18 : a |
| Q. No.19 : b | Q. No.20 : a | Q. No.21 : c |
| Q. No.22 : b | Q. No.23 : d | Q. No.24 : b |
| Q. No.25 : a | Q. No.26 : c | Q. No.27 : c |
| Q. No.28 : b | Q. No.29 : a | Q. No.30 : b |
| Q. No.31 : a | Q. No.32 : d | |

## ANSWERS / RUBRICS

سوال نمبر33:

آئیٹم روبرک (اردو):

:نمونہ جواب

اس شعر میں شاعر اچھے انسان کی خوبیاں بیان کرتے ہوئے کہتا ہے کہ اچھے لوگ اپنے جسم کی محبت میں مبتلا نہیں ہوتے یعنی خود غرضی نہیں کرتے۔ دوسروں کا بھی خیال رکھتے ہیں۔ اچھے لوگوں کو دولت سے زیادہ لگاو نہیں ہوتا۔ وہ سونا چاندی جمع کرنے کی بجائے لوگوں پر خرچ کرنا زیادہ پسند کرتے ہیں۔ ان کے دلوں میں صرف اپنے وطن کی محبت ہوتی ہے۔ وہ دشمن کے وفادار ہوتے ہیں۔ وہ ایمان داری سے کام کرتے ہیں۔ اپنی ذاتی ضروریات کو ایک طرف رکھ کر، وطن کے لیے کام کرتے ہیں۔ رشوت، سفارش اور بد دیانتی سے ملک کو نقصان نہیں پہنچاتے۔

یہ شعر ایک بہترین اسلامی اور اخلاقی تعلیمات کا عکاس ہے، جو ہمیں نفرتوں سے بچنے اور محبت و خلوص کو فروغ دینے کا درس دیتا ہے۔ شاعر کی خواہش ہے کہ دنیا میں ایسے انسان پیدا ہوں جو دلوں کو جوڑنے والے ہوں، نہ کہ توڑنے والے اور جو معاشرے میں اچھائی اور بھلائی کا باعث بنیں۔ یہ دعا آج کے زمانے میں بھی بہت اہم ہے کیونکہ ایک بہتر معاشرہ انہی مثبت سوچ رکھنے والے افراد سے تشکیل پاتا ہے۔ اللہ تعالی سے یہی دعا ہے کہ ہمارے ملک میں ایسے اچھے اور سچے لوگ پیدا ہوں تا کہ ہمارا ملک ترقی کرے۔

:روبرکس

| اشعار کی تشریح کرنا (کل نمبر 10) | | | |
|---|---|---|---|
| پہلا اور دوسرا اشعر تشریح 8 نمبر | پہلے شعر کی جامع تشریح (شعر میں موجود پیغام کی وضاحت) کرنے پر: 4 نمبر<br>دوسرے شعر کی جامع تشریح (شعر میں موجود پیغام کی وضاحت) کرنے پر 4 نمبر<br>یا<br>دونوں اشعار کی قطعہ بند شکل میں جامع تشریح (اشعار میں موجود پیغام کی وضاحت) ہو تو اس صورت میں دیں: 8 نمبر | پہلے شعر میں موجود پیغام کی وضاحت ادھوری ہو:<br>01 تا 03 نمبر<br>دوسرے شعر میں موجود پیغام کی وضاحت ادھوری ہو:<br>01 تا 03 نمبر<br>قطعہ بند شکل میں اگر دونوں اشعار میں موجود پیغام کی وضاحت ادھوری ہو تو: 02 تا 06 نمبر | پہلے شعر میں موجود پیغام کی وضاحت بالکل غلط: 0 نمبر<br>دوسرے شعر میں موجود پیغام کی وضاحت بالکل غلط: 0 نمبر |
| گرامر اور رموزِ اوقاف (2 نمبر) | افعال اور علامات دونوں کا درست استعمال: 02 نمبر | اگر افعال اور علامات دونوں جزوی درست ہوں یا افعال اور علامات میں سے کسی ایک کا استعمال درست ہو: 1 نمبر | اگر افعال اور علامات دونوں بالکل غلط ہوں: 0 نمبر |

سوال نمبر 34:

آیٹم روبرک (اردو):

:نمونہ جواب

محنت عربی زبان کالفظ ہے کسی کام میں اپنے تمام تر طاقت اور کوشش لگاتار صرف کرنے کا عمل محنت کہلاتا ہے۔ محنت حرکت کا دوسرا نام ہے اور حرکت میں برکت ہے۔ دنیامیں جتنی بھی ترقی ہوئی ہے وہ محنت ہی کی بدولت ہے۔ دنیامیں جتنے بھی عظیم لوگ گزرے ہیں انہوں نے زندگی میں بہت محنت کی۔

ہر کام کی انجام دہی محنت کہلاتی ہے۔ محنت سے جی نہیں چرانا چاہیے جو لوگ محنت نہیں کرتے بیکار بیٹھے رہتے ہیں وہ دنیامیں کبھی ترقی نہیں کر سکتے خود خالق کائنات نے بھی فرمادیاہے کہ:

انسان کو وہی کچھ ملے گا جس کے لیے وہ محنت کرے گا۔

اسلام کے تعلیمات میں بھی محنت کرنے والے کو اللہ کا دوست کہا گیاہے۔ ایک ایک کاہل اور بے عمل انسان معاشرے کے لیے قابل قبول نہیں ہوتاہے۔

حدیث شریف میں فرمایا گیاہے۔

بہترین لقمہ وہی ہے جو اپنی محنت سے حاصل کیا گیاہو۔

خود ہمارے نبی حضرت محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم اپنا ہر کام اپنے ہاتھ سے کرنے میں فخر محسوس کرتے، اپنے جوتے خود مرمت کرتے اور پھٹے کپڑوں کو پیوند بھی خود لگایا کرتے تھے۔ مسجد نبوی کی تعمیر میں حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے صحابہ کرام رضی اللہ تعالی عنہ کے ساتھ مل کر پتھر اٹھائے اور غزوخندق کے موقع پر خود بھی خندق کھودنے کا کام سرانجام دیا۔

قران پاک میں ارشاد ہوتاہے

جب تک انسان محنت کو شعار نہیں بنائے گا اس سے کچھ حاصل نہ ہو سکے گا۔

ظفر علی خان اس ایت سے یوں استفادہ کیا اور انسانیت کو پیغام دیا کہ:

خدانے اج تک اس قوم کی حالت نہیں بدلی

نہ ہو جس کو خیال اپ اپنی حالت کے بدلنے کا

محنت ہی ایسا جذبہ ہے جس سے نہ صرف انسان بلکہ معاشرے اور قوم میں بھی بنتی اور پھلتی پھولتی ہیں معاشرے کا ہر فرد خواہ وہ کسان ہو یا ممار مصنف ہو یا شاعر فنکار ہو یا کاریگر معلم ہو یا معلمہ افسر ہو یا مزدور اپنی اپنی صلاحیتوں کا بھرپور استعمال کرتے ہوئے معاشرے کے لیے اہم کردار ادا کرتا ہے الغرض یہ کہ ہر کامیابی و کامرانی کی ضمانت محنت ہے۔

محنت کا پھلا ہمیشہ شیرین لذیذ اور دیرپا ہوتاہے۔ محنت سے ہی نئے نئے ملک دریافت کیے گئے ہیں اج کل کی نت نئی دریافتیں محنت کے ہی نتائج ہیں

کوئی قابل ہو تو ہم شان کہی دیتے ہیں

ڈھونڈنے والوں کو دنیا بھی نئی دیتے ہیں

:روبرکس

| | | | |
|---|---|---|---|
| پیراگراف<br>(01۔ نمبر) | مضمون پیراگراف کی صورت میں ہو:<br>1 نمبر | مضمون پیراگراف کی صورت میں نہ ہو:<br>1/2 نمبر | جملے نہ پیراگراف میں اور نہ حروفِ ابجد وغیرہ کے لحاظ سے لکھے ہوں: 0 نمبر |
| پلاٹ<br>(6۔ نمبر) | دوسوپچاس الفاظ پر مبنی:<br>جملوں کی ساخت اور ترتیب درست ہو:<br>06 نمبر | دوسوپچاس الفاظ سے کم پر مبنی:<br>جملے ساخت اور ترتیب کے لحاظ سے درست ہوں: 05 نمبر<br>دوسو الفاظ پر مبنی جملے ساخت اور ترتیب کے لحاظ سے درست ہوں۔ 04 نمبر<br>سو الفاظ پر مبنی جملے ساخت اور ترتیب کے لحاظ سے درست ہوں۔ 03 نمبر<br>دو تا تین جملے ساخت اور ترتیب کے لحاظ سے درست ہوں۔ 02 نمبر<br>صرف ایک جملہ ساخت کے لحاظ سے درست ہو: 01 نمبر | تعداد، ساخت اور ترتیب کے لحاظ سے کوئی جملہ درست نہ ہو: 0 نمبر |
| تخیل<br>(01۔ نمبر) | موضوع کے مطابق خیالات کا انتخاب: 01 نمبر | موضوع کے مطابق ادھورے خیالات: 1/2 نمبر | غیر موزوں خیالات: 0 نمبر |
| گرامر اور رموزِ اوقاف:<br>(2۔ نمبر) | افعال اور علامات دونوں کا درست استعمال:<br>2 نمبر | افعال اور علامات دونوں جزوی درست ہوں یا افعال اور علامات میں سے کسی ایک کا استعمال درست ہو: 01 نمبر | افعال اور علامات دونوں غلط ہوں: 0 نمبر |

سوال نمبر35:

آیٹم روبرک (اردو):

بخدمت جناب ہیڈ ماسٹر / ہیڈ مسٹریس گورنمنٹ پرائمری سکول ا، ب، ج

جناب عالی!

بصد ادب گزارش ہے کہ حالیہ دنوں میں سموگ کی شدت میں اضافہ ہو رہا ہے، جس سے صحت کے مسائل پیدا ہو رہے ہیں۔ سموگ کی وجہ سے طلباء وطالبات کو سانس کی تکلیف، آنکھوں میں جلن اور دیگر بیماریوں کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ میری آپ سے درخواست ہے کہ سکول میں سموگ سے بچاؤ کے حفاظتی اقدامات کیے جائیں، جیسے

طلباء کو ماسک پہننے کی ترغیب دی جائے۔

اسمبلی میں سموگ سے بچاؤ کے حوالے سے آگاہی دی جائے۔

پانی زیادہ پینے کی ہدایت کی جائے۔

کلاس رومز میں ہوا صاف رکھنے کے لیے دروازے اور کھڑکیاں بند رکھی جائیں۔

آپ کی جانب سے حفاظتی اقدامات سے طلباء کی صحت محفوظ رہ سکے گی۔ امید ہے کہ میری درخواست پر فوری عمل کیا جائے گا۔

آپ کی مہربانی ہوگی

العارض

آپ کا شاگرد

د۔ ر۔ س

تاریخ: 20۔ اگست 2024ء

| درخواست لکھنا: کل نمبر: 10 | | | |
|---|---|---|---|
| ابتدائیہ: 02 نمبر | | | |
| دونوں میں سے کچھ نہ لکھے یا بالکل غلط لکھے: 00 نمبر | اگر بخدمت جناب ہیڈ ماسٹر / ہیڈ مسٹریس / پرنسپل / یا سکول کا نام دونوں میں سے ایک لکھے: 1/2 نمبر | اگر بخدمت جناب ہیڈ ماسٹر / ہیڈ مسٹریس / پرنسپل اور سکول کا نام دونوں لکھے: 01 نمبر | (الف) سرنامہ: |
| دونوں بالکل غلط ہوں یا نہ لکھے ہوں: 00 نمبر | اگر القاب یا علامتِ ندائیہ دونوں میں سے ایک درست ہو: 1/2 نمبر | علامتِ ندائیہ کے ساتھ لکھے گئے ہوں مثلاً جناب عالی! / جناب عالیہ! / جناب والا! وغیرہ: 01 نمبر | (ب) القاب: |
| نفسِ مضمون: 06 نمبر | | | |
| جملوں کی ترتیب اور ساخت دونوں غلط ہوں: 00 نمبر | اگر جملوں کی ساخت یا ترتیب دونوں میں سے ایک درست ہو: 1/2 نمبر | جملوں کی ساخت اور ترتیب درست ہو: 02 نمبر | (الف) ربط مضمون |
| توجیہات پیش نہ کرے یا غلط ہوں: 00 نمبر | اگر توجیہات غیر واضح ہوں: 1 نمبر | توجیہات واضح ہوں: 03 نمبر | (ب) توجیہات |
| اگر افعال اور علامات دونوں غلط ہوں: 00 نمبر | اگر افعال اور علامات جزوی درست ہوں یا افعال اور علامات میں سے ایک کا استعمال درست ہو: 1/2 نمبر | افعال اور علامات دونوں کا استعمال درست ہو: 01 نمبر | (ج) گرامر اور رموز او قاف |
| اختتامیہ: 02 نمبر | | | |
| دونوں ہی نہ لکھے یا بالکل غلط لکھے: 00 | صرف درخوست گزار / العارض / عرض گزار لکھے یا حروف ابجد / نام / رول نمبر / جماعت / سکول / گھر کا پتا / : 01 نمبر | العارض / درخواست گزار / عرض گزار کے ساتھ / حروف ابجد / نام / رول نمبر / جماعت / سکول / : 01 نمبر | تعارف درخواست دہندہ |
| ان طریقوں کے علاوہ کسی بھی طرح سے لکھی گئی تاریخ کو صفر نمبر دیں۔ 0 نمبر | 8 فروری 2021ء<br>8- فروری 2021ء<br>۱۲۔ جنوری ۲۱۲۱ء<br>یہ تینوں طریقے درست ہیں (01 نمبر) | تاریخ کو صحیح لکھنا۔<br>درخواست کے آخر میں لکھنا۔<br>مہینا لفظوں میں لکھنا ضروری ہے (01 نمبر) | تاریخ |

سوال نمبر36:

آئیٹم روبرک(اردو):

:نمونہ جواب

ایک دفعہ حضرت شیخ عبد القادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ اسلامی تعلیم حاصل کرنے کے لیے ایک قافلے کے ساتھ بغداد جا رہے تھے۔ روانہ ہوتے وقت ان کی والدہ نے انہیں چالیس دینار دیے اور فرمایا کہ بیٹا ہمیشہ سچ بولنا خواہ تمہیں کتنا ہی نقصان کیوں نہ اٹھانا پڑے۔ اتفاقاً راستے میں ڈاکوؤں کے ایک گروہ نے اس قافلے پر حملہ کر دیا۔ ایک ڈاکو نے حضرت شیخ عبد القادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ سے پوچھا کہ لڑکے تمہارے پاس کیا ہے؟ آپؒ نے فرمایا کہ میرے پاس چالیس دینار ہیں۔ ڈاکو کو آپؒ کی بات پر یقین نہ آیا اور وہ آپؒ کو پکڑ کر اپنے سردار کے پاس لے گیا۔ سردار نے پوچھا تو آپؒ نے پھر وہی جواب دیا کہ میرے پاس چالیس دینار ہیں۔ یہ دیکھیں میرے کرتے میں سلے ہوئے ہیں۔ ڈاکو نے دیکھا تو ان کے کرتے میں واقعی چالیس دینار سلے ہوئے تھے۔ ڈاکوؤں کے سردار نے آپؒ سے کہا: اے لڑکے! تو نے جھوٹ بول کر اپنے چالیس دینار کیوں نہ بچا لیے؟ آپؒ نے فرمایا میری ماں نے نصیحت کی تھی کہ بیٹا ہر حالت میں سچ بولنا خواہ کتنا ہی نقصان کیوں نہ اٹھانا پڑے۔ ڈاکوؤں کا سردار یہ بات سن کر سوچ میں پڑ گیا کہ ایک چھوٹا سا بچہ اپنی ماں کے حکم کو کتنا مانتا ہے اور میں کتنا بدبخت ہوں کہ اپنے رب کا حکم بھی نہیں مانتا۔ یہ سوچ کر ڈاکوؤں کے سردار نے قافلے کا سارا مال واپس کر دیا اور آئندہ ڈاکے ڈالنے سے بھی توبہ کر لی۔

نتیجہ: سانچ کو آنچ نہیں / ہمیشہ سچ کی جیت ہوتی ہے۔

:روبرکس

| کہانی لکھنا) کل نمبر: 10) | | | |
|---|---|---|---|
| کردار نگاری (2 نمبر) | کہانی میں تمام کردار اور ان کے اوصاف واضح ہوں: 02 نمبر | کہانی میں تمام کردار اور ان کے اوصاف غیر واضح ہوں: 01 نمبر | کردار نگاری بالکل غلط ہو :0 نمبر |
| ماحول کی عکاسی (2 نمبر) | اگر وقت اور مقام کا ذکر ہو: 02 نمبر | اگر وقت یا مقام میں سے ایک لکھا ہو تو: 01 نمبر | وقت یا مقام دونوں غلط ہوں :0 نمبر |
| پلاٹ (3 نمبر) | تمام واقعات کا بیان، جملوں کی ساخت اور ترتیب درست ہو: 03 نمبر | واقعات کا بیان، جملوں کی ساخت اور ترتیب درست ہو: ان میں سے دو اجزا درست ہوں تو: 02 نمبر<br>اگر ایک جز درست ہو تو: 01 نمبر | واقعات کا بیان، جملوں کی ترتیب اور ساخت، تینوں غلط ہوں: 0 نمبر |
| گرائمر، رموزِ اوقاف (2 نمبر) | افعال اور علامات دونوں کا درست استعمال ہو: 02 نمبر | افعال اور علامات دونوں جزوی درست ہوں یا ان میں سے کوئی ایک درست ہو: 01 نمبر | افعال اور علامات دونوں غلط ہوں: 0 نمبر |
| نتیجہ (1 نمبر) | کہانی کا درست نتیجہ اخذ کرنا: 01 نمبر | کہانی کا نتیجہ جزوی درست ہو: 1 / 2 نمبر | نتیجہ بالکل غلط یا غیر متعلق ہو: 0 نمبر |

سوال نمبر 37:

آئیٹم روبرک(اردو):

پاکستان میں بہار کا موسم قابل دید ہے۔ بہار میں اگر دیکھیں تو یوں محسوس ہوتا ہے کہ رنگوں کی بہار آگئی۔ ہر طرف مختلف رنگ باغ کی فضائیں معطر اور پھولوں کا جوبن قابل دید ہوتا ہے۔ ہمارے شہر میں مختلف مقامات پر جشن بہار کے سلسلے میں پھولوں کی نمائش منعقد ہوتی ہے۔ موسم بہار انتہائی خوب صورت انداز لیے آتا ہے۔ موسم بہار کائنات کا ایک انمول عطیہ ہے۔ اس موسم میں حسن و جمال حقیقی معنوں میں بے نقاب نظر آتا ہے۔ خالق کائنات کا حسن آنکھوں کے سامنے موجود ہوتا ہے۔ آزادی کو بھی بہار سے تشبیہ دی جاتی ہے۔ دعا ہے کہ رب العالمین ہمارے وطن پاکستان کو بہار کی طرح روشن و خوش گوار رکھے۔ اور ہم سب کو ایسی بہاریں نصیب کرے۔

ممتحن دونوں گروپس میں سے کُل تین سوال پوچھے گا۔

(گروپ الف)

1. بہار کے موسم میں فضا کیسی محسوس ہوتی ہے؟
2. قابل دید کا معنی ہے؟
3. ہمارے شہر میں بہار کے موقع پر کیا تقریبات منعقد ہوتی ہیں؟

(گروپ ب)

1. موسم بہار کو کائنات کا کون سا عطیہ کہا گیا ہے؟
2. آزادی کو کس چیز سے تشبیہ دی گئی ہے؟
3. مصنف نے وطن پاکستان کے لیے کیا دعا کی ہے؟

مجوزہ جوابات:

(گروپ الف)

1. بہار کے موسم میں فضا خوشبودار اور رنگین محسوس ہوتی ہے۔
2. دیکھنے کے لائق۔
3. جشن بہار کے موقع پر پھولوں کی نمائش منعقد ہوتی ہے۔

(گروپ ب)

1. موسم بہار کو کائنات کا انمول عطیہ کہا گیا ہے۔
2. آزادی کو بہار سے تشبیہ دی گئی ہے۔
3. مصنف نے دعا کی ہے کہ پاکستان ہمیشہ روشن اور خوش گوار رہے۔

اساتذہ کے لیے عمومی ہدایات:

1. پنجاب بھر میں یکساں نمبروں کی تقسیم کے لیے پرچوں کی جانچ کے دوران روبر کس کا استعمال لازمی ہے۔
2. کسی بھی ابہام کی صورت میں، براہ کرم روبر کس مینوئل، روبر کس ویڈیو، یا اپنے ضلع کے PEC سے تربیت یافتہ LMT سے مشورہ کریں۔
3. اگر کوئی طالب علم کتاب یا روبر کس کے ماڈل جواب کے علاوہ کچھ اور لکھے اور وہ درست ہو تو اسے نمبر دیے جائیں۔
4. غیر متعلقہ جواب پر کوئی نمبر نہیں دیا جائے گا۔

ممتحن کے لیے خصوصی ہدایات:

1. ممتحن کمرے کو شور اور خلفشار سے پاک بنائے گا۔ ممتحن کی جانب سے طالب علم کو آگاہ کیا جائے گا کہ وہ ایک پیراگراف کو دو مرتبہ پڑھنے جا رہے ہیں۔ لہٰذا پیراگراف کو توجہ اور یکسوئی سے سنا جائے۔ ممتحن پیراگراف کے متن کو دو مرتبہ بلند آواز میں پڑھے گا۔
2. پیراگراف پڑھنے کے بعد ممتحن دیے گئے سوالات کو ایک ایک کے وقفہ سے طالب علم کے سامنے دہرائے گا۔
3. ممتحن اس بات کو یقینی بنائے گا کہ طالب علم کی جانب سے ہر سوال کا جواب مقررہ وقت میں دینے کے بعد ہی اگلا سوال پوچھا جائے۔ ممتحن اس بات کو یقینی بنائے گا کہ تمام سوالات طالب علم کو بآسانی سمجھ آ گئے ہیں اور وہ جواب دینے کے قابل ہے۔

4. ہر طالب علم کو 5 سے 7 منٹ کا وقت مہیا کیا جائے گا کہ وہ تمام سوالات کے جوابات تسلی سے دے سکے۔

اسکورنگ روبرکس

| سننا/بولنامہارت کے متعلقہ سوالات کی روبرکس: کل نمبر 06 | | | |
|---|---|---|---|
| سوال 1 | جواب مکمل درست ہوتو (02نمبر) | جزوی جواب درست ہوتو 01 تا $1\frac{1}{2}$ نمبر | جواب بالکل غلط ہونے پر 0نمبر |
| سوال 2 | جواب مکمل درست ہوتو (02نمبر) | جزوی جواب درست ہوتو 01 تا $1\frac{1}{2}$ نمبر | جواب بالکل غلط ہونے پر 0نمبر |
| سوال 3 | جواب مکمل درست ہوتو (02نمبر) | جزوی جواب درست ہوتو 01 تا $1\frac{1}{2}$ نمبر | جواب بالکل غلط ہونے پر 0نمبر |

آوارڈ لسٹ

| پنجاب ایگزامینیشن کمیشن، لاہور | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| آوارڈ لسٹ: سننا اور بولنا مہارت | | | | | | | | |
| جماعت | | | | مضمون | | | | |
| ضلع | | کلسٹر سنٹر | | | | | آئٹم کوڈ | |
| تحصیل | | امتحانی مرکز | | | | | تاریخ | |
| رول نمبر | نام طالب علم | Q 1 | Q 2 | Q 3 | Q 4 | Q 5 | حاصل کردہ نمبر | کل نمبر |
| 1 | | | | | | | | |
| 2 | | | | | | | | |
| 3 | | | | | | | | |
| 4 | | | | | | | | |
| 5 | | | | | | | | |
| 6 | | | | | | | | |

سوال نمبر 38:

---

آیٹم روبرک (اردو):

ور معاشرتی بہتری کا بنیادی ذریعہ ہے، اور جدید دور میں اس کی جہتیں نہایت وسعت اختیار کر چکی ہیں۔ روایتی تدریسی طریقوں کے برعکس آج تعلیم محض کتابی معلومات تک محدود
لی، تخلیقی اور تحقیقی پہلو بھی اس کا لازمی جزو بن چکے ہیں۔ ڈیجیٹل ٹیکنالوجی کی ترقی نے تعلیمی میدان میں انقلاب برپا کر دیا ہے۔ آن لائن لرننگ، مصنوعی ذہانت، ورچوئل کلاس
تدریسی وسائل نے سیکھنے کے عمل کو مزید مؤثر اور آسان بنا دیا ہے۔ اب طلبہ دنیا کے کسی بھی کونے میں بیٹھ کر معیاری تعلیم حاصل کر سکتے ہیں۔ مزید برآں، STEM (سائنس،
نگ، اور ریاضی) اور مہارت پر مبنی تعلیم کا فروغ جدید تعلیم کی ایک نمایاں جہت ہے، جو عملی زندگی میں کامیابی کے دروازے کھولتی ہے۔ اخلاقی اور سماجی تعلیم بھی جدید تعلیمی نظام
ہے، تاکہ طلبہ نہ صرف ذہین بلکہ اچھے شہری بھی بنیں۔ تعلیم کا اصل مقصد اب محض ڈگری حاصل کرنا نہیں، بلکہ سوچنے، مسائل حل کرنے، اور معاشرتی فلاح میں اپنا کردار ادا
ت پیدا کرنا ہے۔ یہی جدید تعلیم کی اصل روح ہے۔

لیے ٹیبل:

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 2. انسانی | 3. ترقی | 4. اور | 5. معاشرتی | 6. بہتری | 7. کا | 8. بنیادی | 9. ذریعہ | 10. ہے، | 11. اور | 12. جدید |
| 14. میں | 15. اس | 16. کی | 17. جہتیں | 18. نہایت | 19. وسعت | 20. اختیار | 21. کر | 22. چکی | 23. ہیں۔ | 24. روایتی |
| 26. طریقوں | 27. کے | 28. برعکس | 29. آج | 30. تعلیم | 31. محض | 32. کتابی | 33. معلومات | 34. تک | 35. محدود | 36. نہیں |
| 38. بلکہ | 39. عملی، | 40. تخلیقی | 41. اور | 42. تحقیقی | 43. پہلو | 44. بھی | 45. اس | 46. کا | 47. لازمی | 48. جزو |
| 50. چکے | 51. ہیں۔ | 52. ڈیجیٹل | 53. ٹیکنالوجی | 54. کی | 55. ترقی | 56. نے | 57. تعلیمی | 58. میدان | 59. میں | 60. انقلاب |
| 62. کر | 63. دیا | 64. ہے۔ | 65. آن | 66. لائن | 67. لرننگ، | 68. مصنوعی | 69. ذہانت، | 70. ورچوئل | 71. کلاس | 72. رومز |
| 74. انٹرایکٹو | 75. تدریسی | 76. وسائل | 77. نے | 78. سیکھنے | 79. کے | 80. عمل | 81. کو | 82. مزید | 83. مؤثر | 84. اور |
| 86. بنا | 87. دیا | 88. ہے۔ | 89. اب | 90. طلبہ | 91. دنیا | 92. کے | 93. کسی | 94. بھی | 95. کونے | 96. میں |
| 98. کر | 99. معیاری | 100. تعلیم | 101. حاصل | 102. کر | 103. سکتے | 104. ہیں۔ | 105. مزید | 106. برآں، | 107. STEM | 108. (سائنس، |
| 110. انجینئرنگ، | 111. اور | 112. ریاضی) | 113. اور | 114. مہارت | 115. پر | 116. مبنی | 117. تعلیم | 118. کا | 119. فروغ | 120. جدید |
| 122. کی | 123. ایک | 124. نمایاں | 125. جہت | 126. ہے، | 127. جو | 128. عملی | 129. زندگی | 130. میں | 131. کامیابی | 132. کے |
| 134. کھولتی | 135. ہے۔ | 136. اخلاقی | 137. اور | 138. سماجی | 139. تعلیم | 140. بھی | 141. جدید | 142. تعلیمی | 143. نظام | 144. کا |
| 146. پہلو | 147. بن | 148. چکی | 149. ہے، | 150. تاکہ | 151. طلبہ | 152. نہ | 153. صرف | 154. ذہین | 155. بلکہ | 156. اچھے |
| 158. بھی | 159. بنیں۔ | 160. تعلیم | 161. کا | 162. اصل | 163. مقصد | 164. اب | 165. محض | 166. ڈگری | 167. حاصل | 168. کرنا |
| 170. بلکہ | 171. سوچنے، | 172. مسائل | 173. حل | 174. کرنے، | 175. اور | 176. معاشرتی | 177. فلاح | 178. میں | 179. اپنا | 180. کردار |
| 182. کرنے | 183. کی | 184. صلاحیت | 185. پیدا | 186. کرنا | 187. ہے۔ | 188. یہی | 189. جدید | 190. تعلیم | 191. کی | 192. اصل |
| 194. ہے۔ | | | | | | | | | | |

ں

و درج ذیل مراحل کے ذریعے جانچا جائے گا:

علم کے پڑھے گئے الفاظ کی تعداد گنی جائے گی۔

پڑھے گئے الفاظ کا حساب لگائیں:

ی کل تعداد_____ - غلطیاں_____ = ______ درست پڑھے گئے الفاظ۔

صحیح تلفظ کو مارکس دینے کے لیے مدنظر رکھا جائے گا۔

کے اسکور کا موازنہ معیاری جدول سے کریں اور مارکس دیں۔

کلاس ششم یا ہشتم

| 0 | 2 | 4 | 5 | 6 | Ma |
|---|---|---|---|---|---|
| Below 10 | 20-70 | 70-130 | 130-170 | 170-200 | Range |

دایات:

سے پہلے ہدایات اور اسکورنگ کے اصولوں کو پڑھ لیں۔
ر گرمی ایک پُرسکون اور خاموش ماحول میں کرائی جائے۔
نہ ماحول بنانا چاہیے تاکہ طالب علم خود کو آرام دہ محسوس کرے۔
ں کو سرگرمی کا مقصد اور وقت پر مبنی گریڈنگ کے طریقہ کار کے بارے میں بریفنگ دیں۔
ں کی حوصلہ افزائی کریں کہ وہ درست طریقے سے پڑھنے پر توجہ دیں۔

ن:

یٹ پر غلطیوں کو نوٹ کرنا چاہیے جبکہ وقت کی نگرانی کی جائے۔
لم کوئی غلطی کرے تو اسے کوشش جاری رکھنے اور آگے بڑھنے کی حوصلہ افزائی کریں۔
اس صورت میں شمار ہو گی جب خط کشیدہ الفاظ چھوڑ دیے جائیں، غلط تلفظ ہوں یا کسی دوسرے لفظ سے تبدیل کر دیے جائیں۔

ں کے مطابق ایک ایوارڈ لسٹ تیار کریں اور نتائج کو اس شیٹ پر ریکارڈ کریں۔

| پنجاب ایگزامینیشن کمیشن، وحدت کالونی لاہور | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ایوارڈ لسٹ برائے مہارت "پڑھنا" | | | | | | |
| | | | مضمون | | | |
| | کلسٹر سنٹر | | | | آئٹم کوڈ | |
| | امتحانی مرکز | | | | تاریخ | |
| ب علم | کتنے الفاظ پڑھے | غلطیاں | درست پڑھے گئے الفاظ | معیاری جدول کے مطابق نمبرات کی حد | حاصل کردہ نمبر | ٹوٹل نمبر |
| | | | | | | |
| | | | | | | |
| | | | | | | |
| | | | | | | |
| | | | | | | |
| | | | | | | |